ثوبان نام کی وضاحت

فتوی نمبر:WAT-832

تاریخ اجراء:22شوال المکرم1443ھ /24مئی2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ثوبان کا کیا معنی ہے؟اور کیا یہ کسی صحابی کا بھی نام ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

ثوبان،یہ مصدر ہے،جس کا معنی ہے"لوٹنا" بیماری سے صحتیابی کی طرف لوٹنا،گناہوں سے توبہ کی طرف لوٹنا وغیرہ۔(القاموس الوحید) اور مصدر اسم فاعل کے معنی بھی دیتا ہے تو اس اعتبار سے اس کا مطلب:صحتیاب ہونے والا،گناہوں سے توبہ کرنے والا وغیرہ بنے گا۔

ثوبان،نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے آزاد کردہ ایک غلام کا بھی نام ہے،جو نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے وصال ظاہری تک،سفر و حضر میں آپ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی مبارک صحبت سے فیض یاب ہوتے رہے۔چنانچہ مرقاۃ شرح مشکوۃ میں ملا علی قاری علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں:(عن ثوبان):مولی رسول اللہ صلى الله عليه وسلم-قال المؤلف:هو ثوبان بن بجدد بضم الباء الموحدة وسكون الجيم وضم الدال المهملة الأولى،أبو عبد الله،اشتراه رسول الله-صلى الله عليه وسلم-وأعتقه ولم يزل معه سفرا وحضرا إلى أن توفي النبي-صلى الله عليه وسلم (مرقاۃ المفاتیح،کتاب الطھارۃ،ج01،ص352،دار الفکر، بیروت)

وَاللہُ اَعۡلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوۡلُہ اَعۡلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

محمد عرفان مدنی عطاری

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net